سوال

جب طواف افاضہ سے قبل حیض شروع ہوجائے

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

جب طواف افاضہ سے قبل حیض یا نفاس شروع ہوجائے تو کیا عورت کےلیے یہ لازم ہے کہ وہ مکہ مکرمہ ہی میں رہے حتیٰ کہ پاک ہوجائے اور طواف کرے یا اس کےلیے جدہ وغیرہ کی طرف سفر کرنا جائز ہے اور پھر جب پاک ہوجائے تو واپس آکر طواف کرلے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر مکہ میں رہنے کی استطاعت ہو تو مکہ ہی میں رہے حتیٰ کہ طارت کے بعد اپنے حج کی تکمیل کرے اور اگر مکہ میں قیام کی استطاعت نہ ہو تو اس میں بھی کوئی امر مانع نہیں ہے کہ وہ محرم کے ساتھ جدہ یا طائف وغیرہ کی طرف سفر کرے اور پھر پاک ہونے کے بعد محرم کے ساتھ واپس آئے اور اپنے مناسک حج کی تکمیل کرے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ